الحمد لله والملك لله

لا فتى الا على لا سيف الا ذوالفقار

Rampur State Gazette

گزٹ ریاست رامپور

بحکم بندگان اعلیحضرت حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

نمبر ۹	مطبوعہ روز دوشنبہ تاریخ ۷ شعبان المعظم ۱۳۴۳ھ مطابق ۲ مارچ ۱۹۲۵ء	جلد ۳۷

فہرست مضامین

نمبر شمار	خلاصۂ مضمون	تعداد صفحہ
۱	رخصت محرر محافظ خانہ صدر	۱
۲	روئداد جنرل کمیٹی میونسپل بورڈ	تا ۵
۳	نقشہ نرخنامہ اجناس	ضمیمہ

نقل حکم اجلاس صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

رخصت

۲۵ فروری ۱۹۲۵ء

حسب رپورٹ رجسٹرار صاحب صدر۔ حاجی منیر احمد محرر محافظ خانہ صدر کی رخصت تین ہفتہ برائے روانگی کسولی بضرورت علاج گزیدہ سگ منظور کی گئی۔ سکا کام کا انتظام حسب رائے رجسٹرار صاحب صدر رہیگا۔

حکم اجلاس صاحب سکریٹری بہادر تعمیرات و صنعت و حرفت

واقع ۷ فروری سنہ ۱۹۲۵ء

مسٹر تحریر میونسپل افسر صاحب دربارہ پیش کرنے روئداد جنرل کمیٹی میونسپل بورڈ منعقدہ ۳۱ جنوری سنہ ۱۹۲۵ء
برائے ملاحظہ و صدور حکم منظوری تجویز کمیٹی۔

روئداد جنرل کمیٹی میونسپل بورڈ شہر رامپور منعقدہ ۳۱ جنوری سنہ ۱۹۲۵ء پیش ہوکر جملہ دفعات ملاحظہ ہوئیں۔
دفعہ (۹) کی بابت میونسپل افسر صاحب کو لکھا گیا ہے کہ قواعد ریاست و عملدر آمد سابقہ نسبت گذاشت کا غذات چنگی مفصل اطلاع دیں
تب حکم مناسب صادر ہوگا۔
دفعہ (۱۰) کے متعلق حسب تجویز ممبر صاحبان اجلاس ہمایوں میں سفارش کی گئی ہے کہ مطالبہ کمی نیلام ایک قطعہ دکان واقع صفدر گنج
جورام دیال سنگھ کے ذمہ بتعداد مبلغ مالیہ باقی نکل رہا ہے بوجوہ مندرجہ روئداد معاف فرمایا جائے۔ بعد صدور حکم کارروائی ضابطہ
ہوگی۔ لہذا حکم ہوا کہ نقل ہذا مع نقل روئداد برائے اندراج گزٹ مطبع کو مرسل ہو۔ اور اصل ہذا میونسپل افسر صاحب کی خدمت میں واپس ہو۔
دستخط صاحب سکریٹری بہادر تعمیرات و صنعت و حرفت

روئداد جلسہ میونسپل جنرل کمیٹی منعقدہ ٹاؤن ہال واقع میونسپل افس محررہ ۳۱ جنوری سنہ ۱۹۲۵ء

نمبر	امور تصفیہ طلب	[illegible]	[illegible]	اسماء ممبران ملازم سرکار	اسماء ممبران پبلک	[illegible]	تجویزات کمیٹی	[illegible]
		جناب مولوی فرخی صاحب	صاحبزادہ سید سعادت علیخان صاحب بہادر	۱۔ صاحب میونسپل افسر ۲۔ عزیز الحسن خان صاحب منتظم ۳۔ مولوی سید رشید حسین صاحب اوورسیر ۴۔ صاحبزادہ سید غوث محمد خان صاحب سپرنڈنٹ چنگی	مسٹر مبارک علی صاحب جاگیردار ۲۔ مولوی محمد حسین صاحب وکیل ۳۔ حمید اللہ خان صاحب تاجر ۴۔ لالہ [illegible]			
۱	درخواست بھجن کمار سکنہ بزریہ خانساماں باستدعائے عطائے اجازت تعمیر مکان بشمول آراضی خرید شدہ صیغہ نزول					۱	بھجن کمار نے آراضی صیغہ نزول سے حسب بیعنامہ سلطانی مورخہ ۱۲ نومبر سنہ ۱۹۲۴ء بقیمت مبلغ عہ خرید کی ہے۔ مبارک شاہ خان سکنہ جھنڈا بڑے پیر صاحب نے عذرداری پیش کی ہے کہ آراضی راستہ کی ہے جو عرضی گزار بموجب بیعنامہ آراضی شامل مکان کرنا چاہتا ہے۔ جانچ ذریعہ ممبر صاحب حلقہ و سپرنڈنٹ حلقہ	

[illegible]	امور تصفیہ طلب	نام پریزیڈنٹ	نام سکریٹری	اسماء ممبران ملازم سرکار	اسماء ممبران پبلک	[illegible]	تجویزات کمیٹی	[illegible]
							و نقشہ نویس ہو چکی ہے تو ایسی صورت میں عذرداری مبارک شاہ خاں قابل سماعت نہیں بوقت نیلام عذرداری کرنا واجب تھی بالاتفاق یہ طے ہوا کہ عرضی گزار کو اجازت تعمیر مکان بشمول آراضی خریدشدہ دی جاتی ہے۔ تعمیر بموجب بیعنامہ ہونا چاہیے۔	[illegible]
۲	درخواست حافظ عبدالکریم سکنہ گھیر ملا خیرت باستدعائے عطائے اجازت تعمیر سہ درہ بالائے دروازہ و ایک دروازہ معمولی بجائے دریچی قدیم					۲	بالاتفاق یہ رائے پاس ہوئی کہ حسب رپورٹ سپرنٹنڈنٹ حلقہ و رضامندی اہل محلہ اجازت برآمدگی سہ درہ بادخال مبلغ تین روپیہ و ایک دروازہ معمولی بادخال نذرانہ ایک روپیہ دیجاتی ہے۔	ایضاً
۳	درخواست گوکل چند بھولا ناتھ سکنہ مشن گنج باستدعائے اجازت توسیع سائبان					۳	بالاتفاق یہ رائے پاس ہوئی کہ اول ممبر صاحب حلقہ سے دریافت کیا جائے کہ توسیع سائبان میں کوئی ہرج تو نہیں ہے	[illegible]
۴	درخواست عبدالہادی خاں سکنہ محلہ درخت کیت باستدعائے تعمیر مکان بموجب بیعنامہ و برآمدگی ایک دروازہ جدید۔					۴	بالاتفاق یہ رائے پاس ہوئی کہ حسب رپورٹ ممبر صاحب حلقہ و سپرنٹنڈنٹ حلقہ اجازت تعمیر مکان و برآمدگی ایک دروازہ جدید بادخال نذرانہ مبلغ دو روپیہ دیجاتی ہے۔ زر نذرانہ وصول کرکے سیاہہ کیا جائے۔	ایضاً
۵	درخواست فضل احمد خاں سکنہ محلہ درخت کیت باستدعائے عطائے اجازت تعمیر مکان بموجب بیعنامہ و برآمدگی ایک دروازہ جدید					۵	بالاتفاق یہ رائے پاس ہوئی کہ حسب رپورٹ ممبر صاحب حلقہ و سپرنٹنڈنٹ حلقہ اجازت تعمیر مکان و برآمدگی ایک دروازہ جدید بادخال نذرانہ دو روپیہ دیجاتی ہے زر نذرانہ وصول کرکے سیاہہ کرا دیا جائے۔	ایضاً
۶	درخواست کرشن بہاری لال سکنہ مشن گنج باستدعائے اجازت تعمیر چبوترہ و سائبان و ایک دروازہ جدید و معافی نذرانہ چبوترہ					۶	بالاتفاق یہ رائے پاس ہوئی کہ چبوترہ نالی سڑک پر ڈاٹ لگا کر تعمیر ہوگا۔ رپورٹ ممبر صاحب و سپرنٹنڈنٹ حلقہ سے ظاہر ہے کہ نالی پر ڈاٹ لگا کر چبوترہ تعمیر ہونے میں کوئی ہرج نہیں ہے نذرانہ	

نمبر شمار	امور تصفیہ طلب	نام پریذیڈنٹ	نام سکریٹری	اسماء ممبران ملازم سرکار	اسماء ممبران پبلک	نمبر تجویز	تجویزات کمیٹی	[illegible]
							چبوترہ معاف نہیں ہو سکتا ہے کہ بازو کے چبوترے پختہ تعمیر ہوئے ہیں اگر عرضی حسب رپورٹ سررشتہ میونسپلٹی مبلغ بیس روپیہ نذرانہ چبوترہ و مبلغ پانچ روپیہ نذرانہ سائبان دو روپیہ نذرانہ دروازہ جدید داخل کرے تو تعمیر چبوترہ و دروازہ و سائبان کی اجازت دیجاتی ہے۔ بعد ادخال نذرانہ اجازت نامہ دیدیا جائے۔	[illegible]
۷	رپورٹ سپرنٹنڈنٹ جنگی دربارہ تصفیہ حصول ٹکاسی مال جو شہر کی چونگی سے جاتا ہو۔					۷	بالاتفاق یہ رائے پاس ہوئی کہ اس سے قبل کوئی حکم ہوا ہو تو پیش کیا جائے اور روانگی کس حکم کے ذریعہ سے قطع ہونا شروع ہوا ہے یہ معاملہ آئندہ کمیٹی میں پیش کیا جائے۔	ایضاً
۸	درخواست دولہ ڈکاندار ساکنہ محلہ پنجابیاں باستدعاء عطائے اجازت تعمیر مکان مشمول آراضی چبوترہ بموجب ہبہ نامہ و عذرداری سید ظہور حسین۔					۸	بالاتفاق یہ رائے پاس ہوئی کہ آراضی چبوترہ مندرجہ ہبہ نامہ ہے اور سید ظہور حسین نے عذرداری پیش کی ہے کہ آراضی چبوترہ شامل نہیں ہونا چاہئے۔ دولہ ڈکاندار کا اقرارنامہ ہے کہ آراضی شامل نہیں کی جائیگی مگر اقرارنامہ پیش نہیں ہوا ہے یہ معاملہ آئندہ کمیٹی میں پیش کیا جائے اور دولہ ڈکاندار و سید ظہور حسین عذردار جلسہ کمیٹی میں اپنا اپنا ثبوت پیش کریں۔	ایضاً
۹	کاغذات مع رپورٹ سپرنٹنڈنٹ صاحب جنگی باستدعاء گزاشت ہوئے کاغذات جنگی من ابتدائے ۱۹۱۰ء لغایت ۱۹۲۲ء					۹	بالاتفاق یہ رائے پاس ہوئی کہ قانون جنگی انگریزی کا منشاء ہے کہ پانچ سال تک کے کاغذات محافظ خانہ جنگی میں رکھے جاتے ہیں اور پانچ سال سے زائد گزاشت ہوجاتے ہیں جنگی میں ۱۹۱۰ء سے بہت سے کاغذات روانہ جات و مکتوبات غیرکارآمد جمع ہیں اُن کا گزاشت ہو کر ردی نیلام ہوجانا چاہئے۔ رجسٹران کیش بک و چیک محافظ خانہ میں احتیاط سے رکھے جائیں۔ اور جس قدر کاغذات غیرکارآمد ہیں وہ گزاشت کردئے	

نمبر شمار	امور تصفیہ طلب	نام پریزیڈنٹ	نام سکریٹری	اسماء ممبران ملازم سرکار	اسماء ممبران پبلک	نمبر شمار	تجویزات کمیٹی	[illegible]
							کردئے جائیں سپرنٹنڈنٹ صاحب چنگی کو اطلاع دی جائے اور بعد منظوری اجلاس اعلیٰ کاغذات کا نیلام کیا جائے۔	[illegible]
۱۰	مثل سبیل مطالبہ کرایہ دکان صدر گنج ذمگی رام دیال سنگھ					۱۰	معائنہ مثل سے واضح ہے کہ ایک قطعہ دکان بکرایہ [illegible] ماہوار بجلسہ نیلام میں سن ابتدائے اکتوبر ۱۹۱۸ع لغایہ ستمبر ۱۹۱۹ع رام دیال سنگھ نے لی تھی ۲۰ نومبر ۱۹۱۸ع کو رام دیال سنگھ نے نقل درخواست مع نقل تار آمدہ مراد آباد پیش کی ہے اور نقل تار میں تحریر ہے کہ ۲۲ نومبر ۱۹۱۸ع کو دفتر الہ آباد میں حاضر ہونا چاہئے چنانچہ رام دیال سنگھ یہ درخواست پیش کرکے الہ آباد چلا گیا دوبارہ نیلام دکان مذکورہ کا کرایہ مبلغ پانچ روپیہ ماہوار ہوا ہے اور بہت عرصہ تک دکان خالی پڑی رہی وقت خالی کرنے دکان کے ۲۰ یوم کا کرایہ واجب تھا اور مبلغ [illegible] روپیہ امانت کا داخل تھے۔ امانت کی کل رقم سیاہہ ہوچکی ہے جس سے ثابت ہوتا ہے کہ رام دیال سنگھ کے ذمہ اصلی مطالبہ باقی نہیں ہے بلکہ بجائے [illegible] ماہوار کے جو دوبارہ منظوری نیلام پانچ روپیہ ماہوار کی ہوئی ہے اس حساب سے سات روپیہ ماہوار کمی کی رقم اور جس قدر زمانہ تک دکان خالی پڑی رہی ہے اس کی اصلی رقم [illegible] ماہوار کے حساب سے مبلغ [illegible] باقی نکر رہے ہیں جو غیر واجب ہیں اور باقی واجب الوصول ہے بالاتفاق رائے کمیٹی مطالبہ ضرور	

[illegible]	امور تصفیہ طلب	نام پریزیڈنٹ	نام سکریٹری	اسماء ممبران ملازم سرکار	اسمائے ممبران پبلک	[illegible]	تجویزات کمیٹی	[illegible]
							کاغذات قابل معافی ہے اصل مثل بامید صدور حکم معافی مطالبہ باجلاس جناب سکریٹری صاحب بہادر صنعت و حرفت دپی ڈبلو ڈی پیش ہو ۔	[illegible]
۱۱	نوٹ جناب میونسپل افسر دربارۂ تعیین تاریخ جلسۂ کمیٹی ۔					۱۱	بالاتفاق یہ رائے پاس ہوئی کہ بہت سے اشغال جمع ہونا چاہئے اور ہر ہفتہ میں جلسۂ کمیٹی منعقد کیا جائے جمعہ کی تعطیل ہوتی ہے ہر جمعہ کے دن سہ پہر کے وقت جلسۂ کمیٹی کا مقرر کیا جائے اور ممبر صاحبان کو اطلاع دیجائے ۔	ایضاً
۱۲	درخواست الن ... ساکنہ باغیچہ جھونٹے میاں اجازت تعمیر دکان منظور شدہ اجلاس اعلیٰ و رپورٹ جمعدار حلقہ بابت تعمیر کرنے ایک چبوترہ اراضی افتادہ میں بلا حصول اجازت ۔					۱۲	بالاتفاق یہ رائے پاس ہوئی کہ اجازت تعمیر دکان اجلاس اعلیٰ سے ہوچکی ہے ایک چبوترہ اراضی افتادہ میں بلاحصول اجازت تعمیر کیا ہے بلاحصول اجازت تعمیر کرنے کی صورت میں تاوان وصول ہونے کا قاعدہ ہے حسب رپورٹ سپرنٹنڈنٹ حلقہ مبلغ دو روپیہ تاوان وصول کرکے سیاہہ کرادئے جائیں ۔	ایضاً

نقشہ نرخنامہ اجناس متعلقہ ریاست رامپور من ابتدا ۲۲ لغایت یکم مارچ ۱۹۲۵ء

نام جنس	حضور تحصیل	شاہ آباد	ملک	بلاسپور	سوار	ٹانڈہ	کیفیت
گندم	۱۰ سار	۰	۰	۱۰۵ سار	۱۰۵ سار	۱۰۵ سار	دیگر تحصیلات سے نقشہ نہیں آیا۔
نخود خالص	۸ سار	۰	۰	۷ سار	۸ سار	۷ سار	
نخود کسر آمیز	۹ سار	۰	۰	۷ سار	۰	۸ سار	
کت	۰	۰	۰	۱۰۷ سار	۰	۵ سار	
ماش	۱۰۵ سار	۰	۰	۱۰۵ سار	۶ سار	۶ سار	
مونگ	۱۰۶ سار	۰	۰	۰	۰	۶ سار	
مکا	۰	۰	۰	۷ سار	۸ سار	۱۰۷ سار	
چنی	۰	۰	۰	۰	۰	۱۲ سار	
گوجنی	۰	۰	۰	۰	۰	۸ سار	
مسور	۷ سار	۰	۰	۰	۰	۹ سار	
ارہر	۰	۰	۰	۰	۰	۱۰ سار	
برنج	۱۰۲ سار	۰	۰	۱۰۳ سار	۰	۱۰۳ سار	
روغن زرد	۰ سار	۰	۰	پونے آٹھ چھٹانک	۱۰۰ سار	۰ سار	
روغن سیاہ	۱۱ سار	۰	۰	۱ سار	۱ سار	۱ سار	
روغن کنجد	۰	۰	۰	۲ سار	۱ سار	۲ سار	
نمک سانبھر	۱۲ سار	۰	۰	۱۰۱۰ سار	۱۱ سار	۱۱ سار	
نمک لاہوری	۶ سار	۰	۰	۵ سار	۰	۶ سار	
قند سیاہ	۰	۰	۰	۱۰۵ سار	۳ سار	۱۰۶ سار	
باجرہ	۰	۰	۰	۰	۷ سار	۰	